السلام علیكم ورحمة الله وبركاته

درج ذیل حدیث کی صحت کے بارے میں تحریر کیجیۓ گا؟

(حدثنا ابراہیم بن موسی نا عیسی عن زکریا عن اسحاق عن عاصم عن علی قال قال رسول اﷲ ﷺ یا اَہْلَ الْقُرْآنِ اَوْتِرُوْا فَاِنَّ اﷲَ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ» (ابوداود باب تفریع ابواب الوتر، باب استحباب الوتر۔ حدیث 452»

نیز کیا وتر واجب ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حافظ منذری رحمہ اللہ نے اس حدیث کو تلخیص سنن ۲/۱۲۱ میں درج کرنے کے بعد لکھا:

وَاَخْرَجَہُ التِّرْمِذِیُ وَالنَّسَائِیْ وَابْنُ مَاجَہ وَقَالَ التِّرْمِذِیْ : حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَفِی حَدِیْثِہِمْ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ الْوِتْرُ لَیْسَ بِحَتْمٍ کَصَلاَتِکُمُ الْمَکْتُوْبَۃِ وَفِی بَعْضِہَا : وَلٰکِنَّہٗ سُنَّۃٌ سَنَّہَا رَسُوْلُ اﷲ ﷺ وَقَدْ تَقَدَّمَ اَنَّ عَاصِمَ بْنَ ضَمْرَۃَ تَکَلَّمَ فِیْہِ غَیْرُ وَاحِدٍ'' واﷲ اعلم»

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[احکام و مسائل]

[نماز کا بیان ج1ص 225]

[محدث فتویٰ]